# ہیرز رینجر اعلامیہ، 2024

10ویں **انٹرنیشنل رینجر فیڈریشن (آئی آر ایف)** ورلڈ رینجر کانگریس (ڈبلیو آر سی) جسے ہیرس میں 7-11 اکتوبر، 2024 کے دوران آئی آر ایف نے **گارڈس نیچرز ڈی فرانس (جی این ایف)** کے ساتھ مل کر منعقد کیا تھا، نے 88 ممالک سے تشریف لائے 450 رینجرز اور معاونین (49% خواتین اور 15% علاقائی باشندے اور مقامی کمیونٹیز) کی میزبانی کی۔ ڈبلیو آر سی ہمارے سیارے کے لیے ایک نازک صورت حال پر اختتام پذیر ہوا، کیونکہ اسے حیاتیاتی تنوع میں کمی، تیزی سے بڑھتی ہوئی موسمیاتی تبدیلیوں اور زونوٹک بیماریوں کے بڑھتے ہوئے خطرہ کا سامنا ہے۔ پلینیٹری ہیلتھ ورکرز[1] کے طور پر رینجرز، ان بحرانوں سے نمٹنے میں اپنے اہم کردار سے آگاہ ہیں۔ وہ ہمارے مشترکہ بین الاقوامی اہداف و مقاصد کو پورا کرنے اور سبز اقتصادی منتقلی کو فعال کرنے کے لیے شریک کاروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ تاہم، پیشہ ور، موثر، ذمہ دار، اور جامع رینجر ورک فورس کے بغیر ان اہداف کو حاصل کرنا انتہائی ناممکن ہے۔ ان اہداف کے تیز رفتار اور موثر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے، ہم، رینجر ورک فورس کے نمائندے اور 10ویں ڈبلیو آر سی کے معاونین 2024 ہیرس رینجر اعلامیہ کی مندرجہ ذیل کے طور پر توثیق کرتے ہیں؛

نویں IRF ورلڈ رینجر کانگریس کے بعد چتوَن اعلامیہ کے نفاذ میں ہونے والی پیش رفت کو اجاگر کرتے ہوئے، جو یونیورسل رینجر سپورٹ الائنس (URSA) اور دیگر شراکت داروں کے تعاون سے کی گئی، رینجرز کے حقوق کے لیے بین الاقوامی سطح پر وکالت، عالمی معیارات کی تشکیل، اور آگاہی بڑھانے جیسے اہم اقدامات شامل ہیں۔"

ان اعلامیوں اور قراردادوں کو یاد کرتے ہوئے جو علاقائی کانگریسوں اور فورموں میں بشمول ایشین رینجر فورم (2023)، اوشیانا رینجر فورم (2023)، لاطینی امریکہ رینجر فیڈریشن جنرل اسمبلی (2024)، افریقہ رینجر کانگریس (2022)، اور یورپی رینجر کانگریس (2023) میں منظور کی گئیں۔

اس حقیقت کا اعتراف کرتے ہوئے کہ رینجرز قدرتی اور ثقافتی ورثے کے بنیادی محافظ ہیں، جو ان وسائل کی حفاظت آنے والی نسلوں کے لیے یقینی بناتے ہیں، اور یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ ان کے انمول کام کی حمایت کرنا ہمارے سیارے کے ماحولیاتی اور ثقافتی خزانوں کے تحفظ کے لیے ضروری ہے، کیونکہ وہ کرہ ارض کی صحت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے کہ رینجرز ایک متنوع گروہ ہیں جن کی ضروریات اور درپیش رکاوٹیں مختلف ہیں، ہم اس بات کو بھی تسلیم کرتے ہیں کہ ان کی انفرادی اور اجتماعی ضروریات کو ایک ادارہ جاتی تناظر میں حل کیا جانا چاہیے

---

[1] https://www.researchgate.net/publication/372381236_Essential_planetary_health_workers_Positioning_rangers_within_global_policy

[2] https://www.internationalrangers.org/resource/code-of-conduct-english

Our funders

Institutional support

Ranger sponsors

**یہ نوٹ کرتے ہوئے** کہ اپنے اہم کردار کے باوجود، زیادہ تر رینجرز کو بنیادی سازوسامان، تربیت، مناسب تعداد، اور ضروری تحفظات تک رسائی حاصل نہیں ہے جو ان کے فرائض کو مؤثر اور محفوظ طریقے سے انجام دینے کے لیے درکار ہیں۔ اس کے علاوہ، اس پیشے کو اکثر وہ پہچان نہیں ملتی جس کا یہ حقدار ہے۔

**یہ تسلیم کرتے ہوئے** کہ بہت سے رینجرز مشکل سیاسی اور سماجی حالات میں کام کرتے ہیں، جو بعض صورتوں میں ان کی مؤثر اور ذمہ دارانہ طریقے سے اپنے فرائض انجام دینے کی صلاحیت پر اثر ڈال سکتے ہیں۔

ہم، دسویں IRF ورلڈ رینجر کانگریس میں شریک رینجر ورک فورس کے نمائندے اور حامی، حکومتوں، رینجر آجر اداروں، رینجر ایسوسی ایشنز، تحفظی غیر سرکاری تنظیموں(NGOs) ، عطیہ دہندگان، اور دیگر متعلقہ فریقین سے درج ذیل اقدامات اٹھانے کی اپیل کرتے ہیں

## کردار کی شناخت

*ان کا اہم کردار ہونے کے باوجود، رینجرز کو وہ شناخت اور اہمیت نہیں ملتی جن کے وہ مستحق ہیں اور جس کی انہیں ضرورت ہے، اور اس حوالے سے فوری ضرورت ہے کہ؛*

1. رینجر کے پیشے کو تسلیم کرنے کی حمایت کی جائے۔
2. انسانی فلاح و بہبود اور زندگی کے لیے ضروری ماحولیاتی خدمات کے تحفظ اور فراہمی میں مدد گا ر رینجرز کے کردار کو تسلیم کریں اور اس کو فروغ دیں۔
3. بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں اور معیارات کے مطابق رینجرز کے حقوق کا احترام اور اس کی تکمیل کریں، اور اس کی حفاظت کریں۔
4. رینجرز کو انسانی زندگی، جنگلی حیات، یا املاک کی حفاظت محفوظ اور محفوظ شدہ علاقوں (پی سی اے) اور اس کے آس پاس موجود خطرات کے دوران ہنگامی حالات میں اولین جواب دہندگان کے طور پر تسلیم کریں ، اور یہ یقینی بنائیں کہ ان کے پاس اپنے فرائض مؤثر اور محفوظ طریقے سے انجام دینے کے لیے ضروری علم، مہارتیں، صلاحیتیں، اور آلات موجود ہوں۔
5. پی سی اے میں زونوٹک بیماریوں کی روک تھام اور نگرانی میں رینجرز کے کردار تسلیم کریں۔
6. ۔رینجرز اور ان کے خاندانوں کی ہمارے کرہ ارض کے تحفظ کے عزم میں ان کی لگن کو تسلیم کریں
7. خشک زمینی، ساحلی اور سمندری علاقوں کے تحفظ اور بقا میں رینجرز کے مزید کردار ادا کرنے میں ان کے کردار کی شناخت کرنے کے لیے حمایت کریں ۔

Our funders

Institutional support

Ranger sponsors

**حالات**

**State of the Ranger Report** کے نتائج کو مدنظر رکھتے ہوئے اور اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے کہ رینجرز اکثر لمبے اوقات تک مشکل اور بعض اوقات خطرناک حالات میں کام کرتے ہیں، درج ذیل اقدامات کرنا نہایت ضروری ہے:

1. **رینجرز کی پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کو یقینی بنانا**، عالمی روزگار اور فلاح و بہبود کے معیارات کو نافذ کرکے۔
2. **State of the Ranger Report** کی سفارشات کے نفاذ اور نگرانی کے ذریعے رینجرز کے کام کے حالات میں بہتری کے لیے وکالت کرنا۔
3. **IRF کے تحت ایک عالمی پلیٹ فارم کا قیام اور فروغ** تاکہ ڈیوٹی کے دوران جاں بحق ہونے والے رینجرز کی رپورٹنگ کو یقینی بنایا جا سکے۔
4. **ان ممالک میں مالی محدودیت کو تسلیم کرنا جہاں وسائل کم ہیں** اور تحفظی برادری کی حوصلہ افزائی کرنا کہ وہ رینجرز کے لیے مناسب اور خاطر خواہ انشورنس کے حصول کی کوشش کریں۔

**قابلیتیں**

رینجرز کو ان کے فرائض مؤثر طریقے سے انجام دینے کے لیے ضروری تربیت فراہم کرنے کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، اور Kunming-Montreal Global Biodiversity Framework کے 30x30 ہدف کے تحت دنیا بھر کے محفوظ اور تحفظ شدہ علاقوں کی تعداد اور افادیت میں نمایاں اضافے کی فوری ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہمیں درج ذیل اقدامات کرنے چاہیے:

1. تمام رینجرز کو ضروری تکنیکی مہارتوں اور صلاحیتوں تک رسائی فراہم کرنا تاکہ وہ Global Ranger Competencies کے مطابق اپنے فرائض مؤثر، محفوظ، اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دے سکیں۔
2. رینجر ایسوسی ایشنز کی معاونت اور سہولت کاری تاکہ وہ رینجرز کے لیے رینجر-ٹو-رینجر لرننگ پروگرامز کے ذریعے سیکھنے کے مواقع فراہم کر سکیں۔
3. علاقائی اور قومی رینجر تربیتی اداروں کی حمایت کرنا تاکہ وہ مقامی ضروریات سے ہم آہنگ اور Global Ranger Competencies کے مطابق پائیدار استعداد کار بڑھانے کے پروگرام فراہم کر سکیں۔
4. قدرتی وسائل کے مؤثر انتظام میں مقامی اور Indigenous Peoples and Local Communities (IPLCs) کے روایتی علمی نظام کو تسلیم کرنا اور اسے اپنانا۔
5. مقامات اور درپیش خطرات کے مطابق رینجرز کی مناسب تعداد کو یقینی بنانا؛ جہاں ممکن ہو، قومی سطح پر رینجرز کی تعداد کے لیے معیارات قائم کرنا اور ان کی بہتری کے لیے کام کرنا۔

6. [3] https://www.internationalrangers.org/state-of-the-ranger/
7. [4] https://www.internationalrangers.org/state-of-the-ranger/
8. [5] https://www.cbd.int/gbf/targets/3
9. [6] https://www.nature.com/articles/s41893-022-00970-0

Our funders
Institutional support
Ranger sponsors

## جامع ورک فورس(Inclusive Workforce)

یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ مقامی آبادی، مقامی برادریاں، خواتین، اور دیگر کم نمائندگی رکھنے والے گروہ محفوظ اور تحفظ شدہ علاقوں کے مؤثر انتظام میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، درج ذیل اقدامات اٹھانے کی فوری ضرورت ہے:

1. مزدوری کے عدم توازن کو مؤثر طریقے سے دور کرنا، بشمول خواتین اور Indigenous People and Local Communities (IPLCs)کی نمائندگی میں اضافہ، تاکہ ایک زیادہ منصفانہ، متنوع اور مضبوط ورک فورس تشکیل دی جا سکے۔
2. روزگار، استعداد کار بڑھانے کے مواقع، منصفانہ کام کے حالات، اور کیریئر کی ترقی تک مساوی رسائی کو یقینی بنانا، بغیر کسی تفریق کے، قطع نظر عمر، جنس، نسل، ذات، طبقہ، قومیت، زبان، مذہب، جنسی رجحان، یا معذوری کے۔
3. Indigenous People and Local Communitiesکو بطور رینجرز اور قدرت کے محافظ کے طور پر تسلیم کرنا، فروغ دینا اور ان کی معاونت کرنا۔
4. خواتین رینجرز کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا، بشمول محفوظ رہائش اور مناسب فلاحی معاونت تاکہ وہ اپنے کام کے علاقوں میں مؤثر طریقے سے خدمات انجام دے سکیں۔
5. نوجوانوں کی شمولیت اور آگاہی کے پروگراموں کو فروغ دینا اور ان پر عملدرآمد کرنا تاکہ نئی نسل کو رینجرز کے طور پر تیار کیا جا سکے۔

## طرزِ عمل(Conduct)

پیشہ ورانہ احتساب اور ذمہ داری کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، درج ذیل اقدامات اٹھانا ضروری ہے:

1. IRFکے ضابطہ اخلاق (Code of Conduct) میں بیان کردہ رینجر اقدار کو تمام متعلقہ فریقین میں تسلیم کرنا اور ان کو فروغ دینا۔
2. ایک جامع اور معیاری ضابطہ اخلاق (Code of Conduct) کو اپنانا اور نافذ کرنا، جو IRF ضابطہ اخلاق کے مطابق ہو اور رینجرز کے طرزِ عمل کی رہنمائی کے لیے متعلقہ معیاری آپریشنل طریقہ کار (Standard Operating Procedures - SOPs)کے ذریعے بدعنوانی اور غیر اخلاقی رویے کو روکنے کا عزم رکھے۔
3. رینجرز کے طرزِ عمل کے لیے مؤثر احتساب اور جائزہ لینے کے طریقہ کار کو مضبوط بنانا، بشمول بدعنوانی کے خلاف اقدامات۔
4. رینجرز کو غیر قانونی یا غیر اخلاقی سرگرمیوں کی اطلاع دینے کے لیے ایک آسان، محفوظ اور گمنام طریقہ فراہم کرنا۔

[7] https://www.internationalrangers.org/resource/towards-gender-equality-in-the-ranger-workforce/
[8] https://escholarship.org/uc/item/2754m0kj
[9] https://www.internationalrangers.org/wp-content/uploads/Towards-Gender-Equality-In-The-Ranger-Workforce-SUMMARY.pdf

Our funders
Institutional support
Ranger sponsors

**رینجر کا تعاون**

*عالمی عزم مصمات **اور کنزرویشن فنانس میکانزم** کے موثر نفاذ میں رینجرز کا اہم کردار تسلیم کرتے ہوئے، ضرورت اس کی ہے کہ؛*

1. کنمنگ- مونٹریال بین الاقوامی حیاتیاتی تنوع فریم ورک اور قومی حیاتیاتی تنوع حکمت عملیاں اور ایکشن پلانز (این بی ایس اے پیز) میں رینجر کے مخصوص عناصر کی شمولیت کی وکالت کریں۔
2. موسمیاتی تبدیلیوں میں تخفیف، موافقت پذیری، استحکام، آفات کے خطرے میں کمی اور عالمی موسمیاتی وعدوں میں رینجرز کا تعاون تسلیم کریں۔
3. یہ یقینی بنائیں کہ رینجرز کو عالمی حیاتیاتی تنوع اور موسمیاتی مذاکرات اور تحفظ سے متعلق فیصلوں میں مناسب میکانزم کے ذریعہ فعال طور پر شامل کیا جائے۔
4. رینجرز کے کردار کو قدرت کی بنیاد پر حل، کاربن کریڈٹس، حیاتیاتی تنوع کے کریڈٹس، بینک ایبل حل، اور دیگر تحفظاتی مالیاتی میکانزم میں نمایاں کریں اور اس کو فروغ دیں۔
5. پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں رینجرز کا کردار تسلیم کریں۔

**علاوہ ازیں، ہم آئی آر ایف بورڈ سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ این جی اوز، شراکت داران، عطیہ دہندگان اور متعلقہ فریقوں کے ساتھ مل کر 2024 کے ہیئرز رینجر اعلامیہ کو نافذ کرنے کے لیے ایک ایکشن پلان تیار کریں۔**

Our funders

Institutional support

Ranger sponsors